بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Au nom d'Allah le Gracieux, Le Miséricordieux

Programme Annuel d'éducation religieuse

Lajna Imaillah de France

2025 & 2026

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۲﴾

پس (اے جن وانس!) تم دونوں اپنے ربّ کی کس کس نعمت کا انکار کروگے۔

Lequel donc, des bienfaits de votre Seigneur nierez-vous, vous deux, ô hommes et djinns ?

Ar-Rahman (55:22)

Serment d’Allégeance

Lajna Ima’illah

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتی ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں-

میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنے مذہب اور قوم کی خاطر اپنی جان و مال، وقت اور اولاد کو قربان کرنے کے لیے تیار رہوں گی نیز سچائی پر ہمیشہ قائم رہوں گی اور خلافتِ احمدیہ کے قائم رکھنے کے لیے ہر قربانی کے لیے تیار رہوں گی۔

Je témoigne qu’il n’y a d’autre Dieu excepté Allah. Il est Unique et sans partenaire. Et je témoigne que Muhammad (saw) est Son Serviteur et Son Messager.

J’affirme que je serai toujours prête à sacrifier ma vie, mes biens, mon temps et mes enfants pour la cause de la foi et de la nation. J’adhèrerai à la vérité et je serai toujours prête à faire tout sacrifice pour la perpétuité du Khilafat e Ahmadiyya. Insh’Allah

SOMMAIRE

PROGRAMME D'ÉDUCATION RELIGIEUSE 2025 - 2026

1er SEMESTRE

Partie Saint Coran	2
Ahkamul Qur'an Les commandements dans le Saint Coran	3
Partie Hadiths	6
Partie Prières	10
Partie Malfoozat Extrait des écrits du Messie Promis (as)	12
Questions / Réponses La philosophie des enseignements de l'Islam	13

2éme SEMESTRE

Partie Saint Coran	17
Ahkamul Qur'an Les commandements dans le Saint Coran	18
Partie Hadiths	21
Partie Prières	25
Partie Malfoozat Extrait des écrits du Messie Promis (as)	27
Questions / Réponses La philosophie des enseignements de l'Islam	28
Quelques versets coraniques sur la reconnaissance envers Allah	32

حصّہ قرآن پاک

حفظِ قرآن کے لئے اس سہ ماہی میں پارہ نمبر 30 کی متعین کردہ سورتوں کے نام درج ذیل ہیں۔

سورۃ القدر، سورۃ البینہ، سورۃ الزلزال، سورۃ العٰدیٰت، سورۃ الھمزہ۔

اس سال گروپ اوّل کے ترجمۃ القرآن کے لئے سورۃ التوبہ منتخب کی گئی ہے۔ یہ پارہ نمبر ۱۰ میں ہے، اس کی پہلی 29 آیات۔

Partie Saint Coran

Pour *la mémorisation du Saint Coran*, les sourates (30ème partie) suivantes sont à apprendre et à réviser pendant 6 mois : **Al Qadr, Al Bayyinah, Al Zilzaal, Al Adiyaat, Al Humazah.** (Pour les groupes 1 et 2)
Pour les sœurs du groupe 1 (niveau avancé), la sourate pour *la traduction mot à mot* est la **Sourate At Tawbah** (partie 10 chapitre 9) les 29 premiers versets.

Ahkamul Qur’an

(Les commandements dans le Saint Coran)

اَحْکَامُ الْقُرآنِ الْکَرِیْم

ریفرنس Ref.	Traduction Française	اردو ترجمہ	حُکْمُ الْقُرْآن	No
لقمٰن 31:15	Sois reconnaissant envers Moi et envers tes parents	میرا شکر ادا کر اور اپنے والدین کا بھی	اُشْکُرْلِیْ وَلِوَالِدَیْكَ	1
لقمٰن 31:18	Et enjoins le bien	اور اچھی باتوں کا حکم دے	وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ	2
لقمٰن 31:18	Et interdis le mal	اور ناپسندیدہ باتوں سے منع کر	وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ	3
لقمٰن 31:18	Et supporte avec patience tout ce qui pourra te survenir	اور اُس (مصیبت) پر صبر کر جو تجھے پہنچے	وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ أَصَابَكَ	4
لقمٰن 31:19	Et ne détourne pas ton visage des hommes avec orgueil	اور (نخوت سے) انسانوں کے لئے اپنے گال نہ پُھلا	وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ	5
لقمٰن 31:20	Et marche à allure modérée	اور اپنی چال میں میانہ روی اختیار کر	وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ	6
لقمٰن 31:20	Et baisse ta voix	اور اپنی آواز کو دھیما رکھ	وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ	7
الاحزاب 33:42	Souvenez-vous d’Allāh beaucoup	اللہ کا ذکر کثرت کے ساتھ کیا کرو	اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا	8
الاحزاب 33:71	Et parlez avec franchise et sans ambiguité	اور صاف سیدھی بات کیا کرو	وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا	9
الزمر 39:54	Ne désespérez pas de la miséricorde d’Allāh	اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو	لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ	10

Ahkamul Qur'an

(Les commandements dans le Saint Coran)

اَحکَامُ القُرآنِ الکَرِیمِ

الزمر 39:55	Et tournez-vous vers votre Seigneur	اور اپنے رب کی طرف جھکو	وَأَنِيبُوٓا إِلَىٰ رَبِّكُمْ	11
الزمر 39:67	Adore Allāh et sois du nombre des reconnaissants	پس اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں سے ہو جا	فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ	12
محمّد 47:20	Et demande pardon pour tes manquements qui en somme ne sont pas délibérés	اور اپنی لغزش کی بخشش طلب کر	وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ	13
الحجرات 49:12	Qu'un peuple ne raille pas un autre peuple	(تم میں سے) کوئی قوم کسی قوم پر تمسخر نہ کرے	لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ	14
الحجرات 49:12	Et ne vous diffamez pas les uns les autres	اور اپنے لوگوں پر عیب مت لگایا کرو	وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ	15
الحجرات 49:12	Et ne vous donnez pas entre vous des sobriquets par sarcasme	اور ایک دوسرے کو نام بگاڑ کر نہ پکارا کرو	وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ	16
الحجرات 49:13	Évitez de vous adonner à trop de soupçons	ظن سے بکثرت اجتناب کرو	اِجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ	17
الحجرات 49:13	Et n'espionnez pas	اور تجسس نہ کیا کرو	وَلَا تَجَسَّسُوْا	18
الذٰريٰت 51:51	Courez donc vers Allāh	پس تیزی سے اللہ کی طرف دوڑو	فَفِرُّوْٓا إِلَى اللّٰهِ	19
الحجرات 49:13	Et ne médisez pas les uns des autres	اور تم میں سے کوئی کسی دوسرے کی غیبت نہ کرے	وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا	20

Ahkamul Qur'an

(Les commandements dans le Saint Coran)

اَحکَامُ القُرآنِ الکَرِیمِ

المجادلة 58:10	Mais conférez pour atteindre la vertu et la piété	اور نیکی اور تقویٰ کے بارے میں مشورے کیا کرو	وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى	21
الصّف 61:15	Soyez les aides dans la cause d'Allāh	اللہ کے انصار بن جاؤ	كُوْنُوْٓا أَنْصَارَ اللهِ	22
الجمعة 62:10	Hâtez-vous vers le souvenir d'Allāh	پس اللہ کے ذکر کی طرف جلدی کرتے ہوئے بڑھا کرو	فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللهِ	23
الجمعة 62:11	Et recherchez quelque grâce de la part d'Allāh	اور اللہ کے فضل میں سے کچھ تلاش کرو	وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللهِ	24
التغابن 64:17	Et écoutez, et obéissez, et dépensez pour sa cause ; cela sera plus avantageux pour vos âmes.	اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرو (یہ) تمہارے لئے بہتر ہو گا۔	وَاسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا وَأَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّأَنْفُسِكُمْ	25

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِیُّ خَیْرٌ وَّ اَحَبُّ اِلَی اللهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِیفِ۔ (مُسلم)

ترجمہ: طاقتور مومن کمزور مومن سے بہتر ہے اور خُدا کو زیادہ پیارا ہے۔

تشریح: مومن کو اچھا بننے اور خُدا کا زیادہ پیارا بننے کے لیے اپنی صحت کا خیال بھی رکھنا چاہیے۔ اور مضبُوط اور طاقتور بننے کی کوشش کرنا چاہیے۔

Hadith 1

Traduction :

« Le croyant fort est meilleur qu’un croyant faible, et il est plus aimé d’Allah. »

Explication :

Un croyant doit prendre soin de sa santé et de son bien-être afin de gagner l’amour d’Allah. Il faut faire des efforts pour être en forme, actif et en bonne santé.

حدیث: مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یُؤْذِ جَارَہٗ۔ (بخاری)

ترجمہ: جو شخص اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے، وہ اپنے ہمسایہ کو تکلیف نہ دے۔

تشریح: ہمارے نبی ﷺ نے پڑوسی سے نیک سُلوک کی تاکید فرمائی ہے۔ سچا مُسلمان اپنے پڑوسی کو کوئی تکلیف نہیں پہنچاتا۔

Hadith 2

Traduction :

« Celui qui croit en Allah et au Jour dernier ne doit pas nuire à son voisin. »

Explication :

Le Saint Prophète (SAW) a souligné l’importance des droits des voisins. Un véritable musulman est toujours bienveillant envers ses voisins et ne doit jamais être une source de dérangement pour eux.

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاَطْفِئُوا السِّرَاجَ۔ (مُسلم)

ترجمہ : برتن ڈھانک کر رکھو، مشکیزہ کا مُنہ بند رکھو، دروازے بند کرلیا کرو، اور چراغ بجھالیا کرو۔

تشریح: مُسلمان کو کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہیے جس سے بغیر کسی فائدہ اور ضرورت کے اس کے جِسم یا رُوح کو تکلیف ہو۔ اپنی حفاظت اور بیماری سے بچنے کے لیے جو طریقہ اچھا ہو اُس کو اختیار کرنا چاہیے۔ اِس حدیث میں ہمارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ سونے سے پہلے جو حفاظت اور احتیاط کی صُورت ہو اُس کو اختیار کرنا چاہیے۔ کھانے پینے کے برتن ڈھانکنے چاہئیں تاکہ کوئی گند اور کیڑا وغیرہ ان میں نہ گر جائے۔ دروازے بند کرلینے چاہئیں ۔ تاکہ کوئی جانور یا چور اندر نہ آسکے۔ دیا بجھا دینا چاہیے ورنہ آگ لگنے کا ڈر ہوتا ہے۔

Hadith 3

Traduction :

« Recouvrez les récipients, nouez les outres (outre = récipient en cuir pour l’eau), fermez les portes et éteignez les lampes. »

Explication :

Un musulman doit adopter des habitudes qui protègent sa santé et sa sécurité. Avant de dormir, il faut bien couvrir les récipients de nourriture et d’eau pour éviter que des saletés ou des insectes n’y tombent. Il faut aussi fermer les portes pour empêcher l'entrée d’animaux ou de voleurs. Éteindre les lampes est également important pour éviter les risques d’incendie.

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: عن أبي بَرْزَةَ ؓ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، کَانَ یَکْرَہُ النَّوْمَ قَبْلَ الْعِشَاءِ، وَالْحَدِیْثَ بَعْدَھَا۔ (بخاری)

ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز سے پہلے سونا ناپسند فرماتے تھے۔ اور عشاء کی نماز کے بعد باتیں کرنا ناپسند فرماتے تھے۔

تشریح: عشاء کی نماز کے بعد غیر ضروری باتیں نہیں کرنی چاہیے بلکہ سو جانا چاہیے۔ بیکار جاگنے سے اِنسان کی صحت پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ اور صُبح نماز کے لئے اُٹھنے میں دِقّت ہوتی ہے۔ ہاں ضروری کاموں کے لئے عشاء کے بعد جاگنے کی اجازت ہے۔

Hadith 4

Traduction :

« Le Saint Prophète (SAW) n’aimait pas dormir avant la prière d’Ichaa, ni discuter après. »

Explication :

Il est recommandé de ne pas parler inutilement après la prière d’Ichaa. Il vaut mieux aller se coucher à ce moment-là, car rester éveillé tard nuit à la santé et rend difficile le réveil pour la prière du Fajr. Cependant, il est permis de rester éveillé après Ichaa si c’est pour une tâche importante ou nécessaire.

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِي بِطَرِيقٍ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ عَلَى الطَّرِيقِ فَأَخَّرَهُ، فَشَكَرَ اللهُ لَهُ، فَغَفَرَ لَهُ۔ (بخاری)

ترجمہ: ایک شخص سڑک پر جارہا تھا۔ اُس نے ایک کانٹوں والی شاخ سڑک پر دیکھی۔ وہ اُس نے سڑک سے ہٹادی۔ اللہ تعالی نے اس کی قدر کی اور اس کو بخش دیا۔

تشریح: سڑک صاف رکھنا اور تکلیف دینے والی چیزیں راستہ سے ہٹانا اللہ کی بخشش حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ جو لوگ سڑک میں چھلکے ، گند وغیرہ پھینک دیتے ہیں وہ بڑی غلطی کرتے ہیں۔

Hadith 5

Traduction :

« Un homme marchait sur un chemin, il vit une branche épineuse et la retira. Allah apprécia son geste et lui pardonna. »

Explication :

Garder les routes propres et enlever les objets gênants est une source de récompense et de pardon d'Allah. Jeter des déchets dans la rue est un comportement blâmable qu'un bon musulman doit éviter.

Partie Prières

حصّہ دعائیں

Prières en faveur des enfants.

اَولاد کے حق میں دعائیں۔

دعا نمبر ۱:

رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ۔ (سورۃ الانبیاء:۹۰)

ترجمہ: اے میرے ربّ! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تُو سب وارثوں سے بہتر ہے۔

Dua n°1 :

Mon Seigneur, ne me laisse pas seul (sans enfant) et tu es le Meilleur des héritiers.

دعا نمبر ۲:

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡیُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِیۡنَ اِمَامًا۔ (سورۃ الفرقان:۷۵)

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اَولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنادے۔

Dua n°2 :

Notre Seigneur, accorde-nous de nos partenaires et de nos enfants la joie de nos yeux, et fais de chacun d’entre nous un leader pour les (gens) pieux

Partie Prières

حصّہ دعائیں

دعا نمبر ۳:

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ۔ (سورۃ الابراھیم:۴۱)

ترجمہ: اے میرے ربّ! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری نسلوں کو بھی۔ اے ہمارے ربّ! اور میری دعا قبول کر۔

Dua n° 3 :

Mon, Seigneur rends-moi constant dans l’observance de la prière et mes enfants (aussi). O notre Seigneur, accepte ma prière.

اقتباس از تحریرات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

توحید ایک نور ہے جو آفاقی واَنفسی معبودوں کی نفی کے بعد دل میں پیدا ہوتا ہے اور وجود کے ذرّہ ذرّہ میں سرائیت کر جاتا ہے۔ پس وہ بجُز خدا اور اُس کے رسول کے ذریعہ کے محض اپنی طاقت سے کیوں کر حاصل ہو سکتا ہے۔ انسان کا فقط یہ کام ہے کہ اپنی خودی پر موت وارد کرے۔ اس شیطانی نخوت کو چھوڑ دے کہ میں علوم میں پرورش یافتہ ہوں اور ایک جاہل کی طرح اپنے تئیں تصوّر کرے اور دعا میں لگا رہے تب توحید کا نور خدا کی طرف سے اُس پر نازل ہو گا اور ایک نئی زندگی اُس کو بخشے گا۔

(حقیقۃ الوحی روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۱۴۸)

Extrait des écrits du Messie Promis (as)

« Le Tawhid est une lumière qui jaillit du cœur après la négation des idoles du monde extérieur et du monde intérieur. Il empreint chaque particule de l’être. Mais comment l’acquérir par ses efforts propres sans passer par le truchement de Dieu et de son Prophète (s. a.w) ? La tâche de l’homme est tout simplement d’immoler son égo et de répudier cet orgueil satanique qui le berce de l’illusion qu’il a grandi dans le giron du savoir ; qu’il se considère comme un inculte et qu’il s’évertue à prier. C’est là que Dieu le gratifiera de la lumière du Tawhid et insufflera une nouvelle vie en lui. »

(Haqiqat-ul-Wahyi, Ruhani Khaza’in, vol.22, p.148)

سوالات از کتاب اِسلامی اُصول کی فلاسفی

س ۱: کامل شریعت کا فعل کون سے تین درجوں میں انسان پر وارد ہوتا ہے؟

ج: کامل شریعت کا فعل ایک وحشی سے انسان اور پھر انسان سے باخلاق انسان بناتا ہے اور پھر باخلاق سے باخُدا انسان بناتا ہے۔

س ۲: کامل شریعت پر قائم ہونے والے انسان کا بنی نوع پر کیا اثر ہوتا ہے؟

ج: ایسا شخص بنی نوع کے حقوق پہچانتا ہے۔ عدل، احسان اور ہمدردی سے پیش آتا ہے۔ اس کے علم و معرفت سے سب فائدہ اٹھاتے ہیں۔

س ۳: حضرت مسیح موعوؑد نے کامل شریعت پر قائم شخص کی مثال کن سے دی ہے؟

ج: ایسا شخص بنی نوع پر سورج کی طرح روشنی ڈالتا ہے۔ چاند کی طرح نور پہنچاتا ہے۔ دن کی طرح روشن ہو کر سب کو راہ دکھاتا ہے۔ رات کی طرح پردہ پوشی کرتا ہے۔ آسمان کی طرح حاجت مند پر سایہ کرتا ہے اور زمین کی طرح انکساری کے کمال پر ہوتا ہے۔

س ۴: حیاتِ جاودانی سے کیا مُراد ہے؟

ج: اس سے مُراد وہ ہمیشہ رہنے والی زندگی ہے جو کامل انسان کو حاصل ہوگی یعنی اسے خُدا کے دیدار کی غذا ہمیشہ حاصل ہوگی۔

س۵: قرآنِ پاک یعنی وحی اللہ اور عقل کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

ج: وحی اللہ آسمانی پانی ہے اور عقل زمینی پانی ہے۔ اگر وحی کا نزول بند ہو جائے تو زمین خشک ہو جاتی ہے یعنی عقل خراب اور آلودہ ہو جاتی ہے۔ زمینی سبزے یعنی عقل کا دارومدار بارش یعنی وحی پر ہے۔

س۶: قرآنِ کریم نے علم کو کتنی قسم پر قرار دیا ہے؟

ج: ۱: علم یقین ۲: عین الیقین ۳: حق الیقین۔

س۷: علم الیقین سے کیا مُراد ہے؟

ج: کسی ذریعے یا واسطے سے پتہ لگانا یا دلیل پیدا کرنا۔ جیسے دھواں دیکھنے سے علم ہوتا ہے کہ کہیں آگ لگی ہوئی ہے۔

س۸: عین الیقین سے کیا مُراد ہے؟

ج: یعنی ذاتی مشاہدے اور دیکھنے سے کسی شے پر یقین اور دلیل دینا۔ جیسے آگ کو دیکھ کر یقین کرنا کہ آگ لگی ہوئی ہے۔

س۹: حق الیقین سے کیا مُراد ہے؟

ج: یعنی ذاتی دلیل، غور و فکر اور علم و معرفت سے اور الہام و کشف کے راستے حق کی تلاش اور اس پر یقین کرنا۔

س۱۰: الہام سے کیا مُراد ہے؟

ج: یہ خُدا کے قانونِ قدرت کے موافق اپنی فکر اور سوچ کا ایک نتیجہ ہے اور قادر خدا کا اپنے بندے سے زندہ اور باقدرت کلام ہے۔

Questions :
La Philosophie Des Enseignements De L'Islam

Q1 : Quel est l'effet de la loi parfaite de la Sharî'a sur l'homme en trois degrés ?
R : L'application de loi parfaite transforme l'état sauvage de l'homme en un être moral, puis l'élève à un homme vertueux (des hautes qualités morales), et enfin le rend un homme de Dieu.

Q2 : Quel est l'effet de l'application de la loi parfaite sur l'humanité ?
R : L'homme prend graduellement conscience des droits de ses congénères, et ainsi, il est amené à exercer ses facultés d'équité, de bienfaisance et de sympathie dans des occasions appropriées. Une telle personne partage avec ses congénères, à la mesure de leurs rangs respectifs, les faveurs dont Dieu l'a douée.

Q3 : Quel exemple Hadhrat Messie Maoud (as) a-t-il donné pour décrire les personnes qui mettent pleinement en pratique la Sharî'a ?
R : Le Messie Promis (as) a dit ils sont comme l'instar du soleil, ils éclairent toute l'humanité, et telle la lune, recevant la lumière de Dieu, ils illuminent les autres. Eclairé tel le jour, ils sont aptes à guider les autres dans les voies de la vertu et de la bonté, et telle la nuit, ils cachent leurs faiblesses, et réconfortent ceux qui sont fatigués et épuisés. Tel le ciel, ils abritent sous sa voûte ceux qui sont dans le besoin, et au moment approprié, il fait pleuvoir sa grâce. Telle la terre, en toute humilité, ils devient un plancher pour les porter avec réconfort, et ils les rassemblent pour leur accorder la sécurité, et ils leur offrent des fruits spirituels de diverses natures.

Q4 : Que signifie la vie éternelle ?
R : Cela signifie une vie qui ne finit jamais. La vie éternelle octroyée à l'homme parfait.. Cela indique que le fruit qu'on obtiendra en se soumettant aux ordonnances de la loi divine sera la vie éternelle dans l'Au-delà, vie éternelle qui sera à jamais nourrie et soutenue par la vision de Dieu.

Q5 : Quel est le lien entre la raison et la révélation divine (le Saint Coran) ?
R : La révélation divine est comme l'eau du ciel, et la raison humaine comme l'eau de la terre. Lorsque l'eau du ciel, c'est-à-dire, la révélation divine ne descend pas, l'eau de la terre diminue lentement.

C’est la raison pour laquelle, si pendant un laps de temps fort long, aucun récipiendaire de la révélation divine n’apparaît sur la terre, l’intelligence et la raison des érudits se corrompent, tout comme l’eau de la terre se corrompt et tarit.

Q6 : Combien de types de savoir (al-yaqîn) le Saint Coran mentionne-t-il ?
R : Trois :
1. *‘Ilm al-yaqîn* (le savoir avec certitude au niveau de l’intelligence par déduction)
2. *‘Ayn al-yaqîn* (le savoir avec certitude au niveau de la vue)
3. *Haqq al-yaqîn* (le savoir avec certitude au niveau de la réalisation par expérience)

Q7 : Que signifie ‘Ilm al-yaqîn ?
R : C’est le savoir avec certitude au niveau de l’intelligence par déduction. Ce n’est pas acquis directement. C’est par l’entremise d’un objet déjà connu qu’on déduit ce qu’est exactement l’objet recherché ; par exemple, en voyant la fumée, on déduit la présence du feu. Nous ne voyons pas le feu, mais la fumée qui est visible nous permet de déduire et conclure qu’il y a un feu.

Q8 : Que signifie ‘Ayn al-yaqîn ?
R : C’est le savoir avec certitude au niveau de la vue comme voir le feu de ses propres yeux.

Q9 : Que signifie Haqq al-yaqîn ?
R : C’est parvenir à la certitude par l’expérience intérieure, par la contemplation, la révélation et l’inspiration. S’il nous arrivait de pénétrer dans le feu, alors notre savoir serait celui avec certitude au niveau de la réalisation par expérience.

Q10 : Qu’est-ce que la révélation ?
R : C’est l’entretien vivant et puissant qu’a le Très Saint Dieu avec un de Ses serviteurs qu’Il a choisi, ou dont Il a l’intention de faire Son élu. Lorsque cet entretien débute d’une manière adéquate et satisfaisante, n’étant point souillé par le mensonge, et ne comprenant pas seulement quelques mots inadéquats et absurdes, mais donne plutôt un plaisir immense, étant tout empli de sagesse et de grandeur, alors, assurément, c’est la parole de Dieu, par laquelle Il veut réconforter Son serviteur et Se manifester à lui.

حصّہ قرآن پاک

حفظِ قرآن کے لئے اس سہ ماہی میں پارہ نمبر 30 کی متعین کردہ سورتوں کے نام درج ذیل ہیں۔

سورۃ العلق، سورۃ التین، سورۃ الضحیٰ، سورۃ الیل، سورۃ الشمس۔

اس سال گروپ اوّل کے ترجمۃ القرآن کے لئے سورۃ التوبہ منتخب کی گئی ہے۔ یہ پارہ نمبر ۱۰ میں ہے، اس کی آیات 30 سے لے کر 66 تک۔

Partie Saint Coran

Pour *la mémorisation du Saint Coran*, les sourates (30ème partie) suivantes sont à apprendre et à réviser pendant 6 mois : **Al Alaq, At Tin, Ad Duha, , Al Layl, Ash Shams**. (Pour les groupes 1 et 2)

Pour les sœurs du groupe 1 (niveau avancé), la sourate pour *la traduction mot à mot* est la **Sourate At Tawbah** (partie 10 chapitre 9) versets 30 à 66.

Ahkamul Qur'an

(Les commandements
dans le Saint Coran)

اَحْکَامُ الْقُرْآنِ الْکَرِیْمِ

ریفرنس Ref.	Traduction Française	اردو ترجمہ	حُکْمُ الْقُرْآن	No
التحریم 66:7	Préservez vos propres personnes ainsi que vos familles d'un feu	اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو آگ سے بچاؤ	قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا	1
التحریم 66:9	Tournez-vous vers Allāh avec un repentir sincère	اللہ کی طرف خالص توبہ کرتے ہوئے جھکو	تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا	2
العلق 96:02	Récite au nom de ton Seigneur	پڑھ اپنے ربّ کے نام کے ساتھ	اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ	3
المزمّل 73:5	Et récite le Coran lentement et clairement	اور قرآن کو خوب نکھار کے پڑھا کرو	وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا	4
المزمّل 73:9	Et dévoue-toi à Lui d'un dévouement total	اور اُس کی طرف پوری طرح منقطع ہوتا ہوا الگ ہو جا	وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا	5
المزمّل 73:21	Récitez donc ce qui vous est possible du Coran	پس قرآن میں سے جتنا میسّر ہو پڑھ لیا کرو	فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ	6
المزمّل 73:21	Et prêtez à Allāh un bon prêt	اور اللہ کو قرضہ حسنہ دو	وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا	7
المدثر 74:5	Et quant à tes vêtements, purifie-les	اور اپنے کپڑوں (یعنی قریبی ساتھیوں) کو بہت پاک کر	وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ	8
المدثّر 74 :7	Et n'accorde pas de faveurs en cherchant d'en avoir plus en retour	اور زیادہ لینے کی خاطر احسان نہ کیا کر	وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ	9

Ahkamul Qur'an

اَحْکَامُ الْقُرْآنِ الْکَرِیْمِ

(Les commandements dans le Saint Coran)

الدھر 76 :26	Et souviens-toi du nom de ton Seigneur matin et soir	اور اپنے رب کے نام کا صبح بھی ذکر کر اور شام کو بھی	وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا	10
الضحیٰ 93 :10	Donc, quant à l'orphelin, ne le maltraite pas.	پس جہاں تک یتیم کا تعلق ہے تو اُس پر سختی نہ کر۔	فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ	11
الضحیٰ 93 :11	Et quant au mendiant, ne le réprimande pas	اور جہاں تک سوالی کا تعلق ہے تو اُسے مت جھڑک	وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ	12
الضحیٰ 93 :12	Et quant à la munificence de ton Seigneur, proclame-la aux autres.	اور جہاں تک تیرے رب کی نعمت کا تعلق ہے تو (اسے) بکثرت بیان کیا کر۔	وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ	13
الا نشراح 94 :9	Et tourne-toi vers ton Seigneur avec empressement	اور اپنے رب ہی کی طرف رغبت کر	وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ	14
الا نشراح 94 :8	Alors, lorsque tu es libre de tes tâches immédiates, sois résolu.	پس جب تُو فارغ ہو جائے تو کمر ہمت کس لے۔	فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ	15
الاحزاب 33 :57	Vous aussi devez implorer des bénédictions sur lui, et le saluer avec la salutation de paix.	تم (بھی) اس پر درود اور خوب سلام بھیجو۔	صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا	16
الاعراف 7 :86	Et donnez la pleine mesure et le bon poids	پس ماپ اور تول پورا کیا کرو	فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ	17
الاعراف 7 :86	Ne privez pas les gens des choses qui leur sont dues	لوگوں کو اُن کی چیزیں کم نہ دیا کرو	لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ	18

Ahkamul Qur'an

اَحْکَامُ الْقُرآنِ الْکَرِیمِ

(Les commandements dans le Saint Coran)

المؤمنون 23 :52	Mangez des choses qui sont pures, et faites de bonnes œuvres	پاکیزہ چیزوں میں سے کھایا کرو اور نیک اعمال بجالاؤ	كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا	19
البقرة 2 :61	Et ne commettez pas d'iniquité sur terre comme des fauteurs de désordre	زمین میں فسادی بنتے ہوئے بدامنی نہ پھیلاؤ	لَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ	20
العنكبوت 29 :18	Recherchez donc votre subsistance auprès d'Allāh	پس اللہ کے حضور ہی رزق چاہو	فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ	21
العنكبوت 29 :21	Parcourez la terre	زمین میں سیر کرو	سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ	22
الدهر 76 :27	Et pendant la nuit prosterne-toi devant Lui.	اور رات کے ایک حصہ میں اس کے حضور سجدہ ریز رہ۔	وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ	23
الما ئده 5 :36	O vous qui croyez ! Craignez Allāh et cherchez le moyen de vous approcher de Lui, et faites des efforts dans Sa voie afin de pouvoir prospérer.	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور اس کے قرب کا وسیلہ ڈھونڈو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تا کہ تم کامیاب ہو۔	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِىْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ	24
الحج 22 :78	O vous qui croyez ! Inclinez-vous et prosternez-vous en Prière et adorez votre Seigneur et faites de bonnes œuvres afin de prospérer.	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور اچھے کام کرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ	25

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: اِغْسِلُوْا ثِیَابَکُمْ وَخُذُوْا مِنْ شَعْرِکُمْ وَاسْتَاکُوْا وَتَزَیَّنُوْا وَتَنَظَّفُوْا۔ (ابنِ عساکر)

ترجمہ: اپنے کپڑے دھو کر صاف کرو۔ حجامت بنواؤ۔ مِسواک کیا کرو۔ اور خوبصُورتی اور صفائی کا خیال رکھو۔

تشریح: مسلمان صاف ستھرا رہتا ہے۔ جو شخص بغیر کسی مجبُوری کے اپنا بدن، اپنے کپڑے، اپنا کمرہ، اپنی کتابیں وغیرہ صاف نہیں رکھتا وہ ہمارے نبی ﷺ کے ارشاد کی تعمیل نہیں کرتا۔

Hadith 1

Traduction :

« Entretiens ta propreté : lave tes habits, brosse-toi les dents et prends soin de ton apparence et de ton hygiène. »

Explication :

Un musulman doit toujours veiller à sa propreté. Celui qui néglige son hygiène sans raison valable ne suit pas les recommandations du Saint Prophète (PSSL).

حدیث: اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاللّٰہِ مَنْ بَدَأَھُمْ بِالسَّلَامِ۔ (ابُو داوٗد)

ترجمہ: لوگوں میں اللہ کو زیادہ پسندیدہ وہ ہے جو لوگوں کو پہلے سَلام کرتا ہے۔

تشریح: سلام کرنا بہت بڑی خُوبی ہے۔ ہمارے نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ ہر شخص کو سلام کرنا چاہیئے خواہ تم اس کو جانتے ہو یا نہیں۔

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

Hadith 2

Traduction :

« Allah aime particulièrement ceux qui saluent les autres les premiers. »

Explication :

Dire « Salam » est une belle habitude.Il faut prendre l'initiative de dire « Salam » en premier.

Le Saint Prophète (PSSL) a recommandé de saluer toute personne que l'on rencontre, que l'on la connaisse ou non.

حدیث: لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمَّتِیْ لَاَمَرْتُھُمْ بِالسِّوَاکِ مَعَ کُلِّ صَلٰوۃٍ۔ (بخاری)

ترجمہ: اگر مجھے اپنی اُمّت کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو میں اُن ہر نماز کے ساتھ مِسواک کرنے کا حکم دے دیتا۔

تشریح: دانت صاف کرنا اِسلام کا ضروری حکم ہے۔ اگر زیادہ مشکل نہ ہو تو کوشش کرنا چاہیئے کہ دن میں پانچ مرتبہ ہر نماز کے وقت دانت صاف کئے جائیں۔ اگر یہ مشکل ہو تو کم از کم دو تین دفعہ ضرور دانت صاف کرنا چاہیئے۔

Hadith 3

Traduction :

« Si je ne craignais pas de mettre ma Ummah en difficulté, je leur aurais ordonné de se brosser les dents avec le miswâk avant chaque prière. »

Explication :

L'hygiène bucco-dentaire est une recommandation essentielle en Islam. Si cela n'avait pas été trop contraignant, le Saint Prophète (PSSL) aurait rendu obligatoire l'usage du miswâk avant chaque prière. À défaut, il est fortement conseillé de se brosser les dents au moins deux à trois fois par jour.

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: اِنَّ اللّٰہَ لَیَرضٰی عَنِ الْعَبْدِ اَنْ یَّأْکُلَ الْاَکْلَۃَ فَیَحْمِدَہٗ عَلَیْھَا اَوْ یَشْرِبَ الشُّرْبَۃَ فَیَحْمِدَہٗ عَلَیْھَا۔ (مُسلم)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اُس بندہ سے راضی ہوتا ہے جو کچھ کھاتا ہے تو خدا کی حمد کرتا ہے۔ اور کچھ پیتا ہے، تو خدا کی حمد کرتا ہے۔

تشریح: کھانا پینا لباس وغیرہ ہر چیز خدا کا ہم پر اِحسان اور اُس کی نعمت ہے۔ اِس لئے خدا کی ہر نعمت کے استعمال پر اُس کی تعریف کرنا چاہیئے۔

Hadith 4

Traduction :

« Dieu est satisfait de Son serviteur lorsque celui-ci mange ou boit quelque chose et Le loue pour tous les bienfaits qu'Il lui accorde.»

Explication :

Manger, s'habiller ou utiliser toute chose dans ce monde sont autant de bienfaits de Dieu. Il est donc important de Le remercier pour chaque faveur accordée.

Partie Hadiths

حصّہ احادیث

حدیث: عَنۡ عَائِشَةَ ؓ كَانَ أَحَبُّ الدِّيۡنِ اِلَيۡهِ مَا دَاوَمَ عَلَيۡهِ صَاحِبُهٗ۔ (بُخاری)

ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو سب سے پسندیدہ دین یہ تھا جس پر آدمی باقاعدگی اختیار کرے۔

تشریح: مسلمان ہمیشہ اور باقاعدگی سے کام کرتا ہے۔ وقتی جوش میں زیادہ کام کر کر پھر دوسرے وقت سستی نہیں کرتا۔

Hadith 5

Traduction :

« Hazrat Aïcha (ra) rapporte que le Saint Prophète Muhammad (PSSL) appréciait par-dessus tout une pratique religieuse accomplie avec régularité et constance.»

Explication :

Le véritable croyant est celui qui agit avec persévérance et mesure. Il ne se laisse pas emporter par un élan passager pour ensuite abandonner ses bonnes actions. L'islam prône la continuité, la discipline et la fidélité dans les œuvres.

Partie Prières

حصّہ دعائیں

Prières après la salat.

نماز کے بعد کی دعائیں۔

دعا نمبر ۱:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

ترجمہ: اے اللہ! تو امن ہے اور سلامتی تجھ ہی سے ہے تو برکت والا ہے اے جلال اور عزت والے خدا۔

Dua n°1 :

O Allah Tu es la paix (personnifiée) et de Toi émane la paix. Tu es béni, o Maitre de la Majesté et de l'Honneur !

دعا نمبر ۲:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

ترجمہ: میں اللہ سے بخشش طلب کرتی ہوں، جو میرا رب ہے، اپنے گناہوں کی اور میں توبہ کرتی ہوئی اس کی طرف جھکتی ہوں۔

Dua n°2 :

Je demande pardon à Allah, qui est mon Seigneur, pour mes péchés, et je me tourne vers lui.

Partie Prières

حصّہ دعائیں

دعا نمبر ۳:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ۔

ترجمہ: اے اللہ تعالیٰ! تو مجھے توفیق عطاء کر کہ میں تیرا ذکر، تیرا شکر اور اچھے انداز میں تیری عبادت کر سکوں۔

Dua n°3 :

Allah, aide-moi à me souvenir de Toi, à être reconnaissant envers Toi, et à T'adorer de la meilleure façon.

اقتباس از تحریرات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے۔ ہماری اعلیٰ لذّات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھادوں۔ کس دف سے میں بازاروں میں مُنادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے کے لئے لوگوں کے کان کھلیں۔ اگر تم خدا کے ہو جاؤ گے تو یقیناً سمجھو کہ خدا تمہارا ہی ہے۔

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۲۱ تا ۲۲)

Extrait des écrits du Messie Promis (as)

« Notre Dieu est notre paradis. L’apogée de notre félicité réside en Lui, car nous L’avons rencontré et avons distingué en Lui la beauté sublime dans tous ses reflets. Un tel Trésor mérite qu’on se Le procure, même si cela engage le sacrifice de sa vie. Même s’il faut se ruiner, ce Joyau mérite qu’on se L’achète. O vous qui en êtes privés ! Empressez-vous d’atteindre cette source ; elle vous étanchera la soif. Elle est l’élixir de la vie qui vous délivrera. Ah ! Que dois-je faire ? Comment vous martèlerai-je le cœur de ces heureuses nouvelles ? Quel tambour dois je battre dans les marchés pour vous faire entendre et comprendre qu’il est votre Dieu ? Quel remède dois-je utiliser pour vous faire prêter l’oreille à ma voix ? Si vous acceptez d’être le peuple de Dieu en vous offrant entièrement à Lui, soyez certains que Dieu sera bien à vous ».

(kishti-e-Nuh, Ruhani Khaza’in, vol.19, p.21-22)

سوالات از کتاب اِسلامی اُصول کی فلاسفی

س۱۱: الہام کا سلسلہ کیسے انسان پر جاری ہوتا ہے؟

ج: ایسے بندے کو الہام کا تجربہ ہوتا ہے جو ایمان، اخلاص اور اعمالِ صالحہ میں ترقی کرے۔

س۱۲: دنیا میں خُدا کے دیدار سے کیا مُراد ہے؟

ج: دنیا میں خُدا پاک کے دیدار سے مُراد الہام ہے یعنی خُدا سے کلام ہو۔ روشن، پُر معنی اور پُر حکمت مکالمہ ہو اور بارہا ہو۔

س۱۳: صدیقوں کے وارث ہونے سے کیا مُراد ہے؟

ج: جس بندۂ خُدا کی گزارشات خُدا سنتا ہو۔ آنے والے حالات کی خبر دی ہو۔ ایسے شخص کو صدیقوں کا وارث اور خُدا کا مقرب کہا گیا ہے۔

س۱۴: کامل علم کا سب سے بڑا ذریعہ کیا ہے؟

ج: کامل علم کا ذریعہ الہام ہے جو خُدا کے پاک نبیوں کو ملا۔

س۱۵: بابرکت اور منحوس علم میں کیا فرق ہے؟

ج: بابرکت علم وہ ہے کہ عمل کے درجے پر آئے یعنی عمل سے ثابت ہو۔ اور منحوس علم وہ ہے جو صرف علم کی حد تک رہے۔ عمل کی نوبت پر نہ پہنچے۔

س١٦: اللہ تعالیٰ نے حضورِ پاکؐ کی زندگی کو کتنے حصوں پر تقسیم کیا؟

ج: دو حصوں پر تقسیم کیا۔

س١٧: حضورِ پاکؐ کی زندگی کا پہلا حصہ کیا تھا؟

ج: ایک حصہ دکھوں تکلیفوں کا تھا۔(یعنی مکّی دور) اس دور میں آپؐ سے وہ خلق ظاہر ہوئے۔ جو مصیبت کے وقت ایک راستباز سے ہوتے ہیں یعنی صبر، توکل اور استقامت۔

س١٨: حضورِ پاکؐ کی زندگی کا دوسرا حصہ کیا تھا؟

ج: دوسرا حصہ فتح واقتدار اور ثروت کا زمانہ (یعنی مدنی دور) اس دور میں آپؐ سے وہ خلق ظاہر ہوئے جو ایک فاتح سے ہوتے ہیں۔ یعنی عفو، نجات، شجاعت، محتاجوں کی مدد اور عام معافی۔

س١٩: آنحضورؐ کی جنگوں کی کیا غرض تھی؟

ج: آپؐ کی جنگوں کی غرض ہرگز ناحق لوگوں کا قتل نہ تھا بلکہ خدا کے قانون کی حفاظت تھی۔ تاکہ اسلامی تعلیم اور تربیت نہ رُکے اور مظلوموں کی دادرسی ہو۔

س٢٠: الہامی ہدایت کیسی ہونی چاہیے؟

ج: بعض اوقات یہ ہدایت نرمی، رحمت اور شفقت کے پیرائے میں ہوتی ہے۔ مگر بعض اوقات جب خدا دیکھتا ہے راست باز باطل پرستوں کے ہاتھوں ہلاک ہو رہے ہیں۔ تو فساد کے خاتمے کے لیے جلالی اور جنگی اقدامات ظہور میں آتے ہیں۔

Questions:
La Philosophie Des Enseignements De l'Islam

Q11 : À quel type de personnes Dieu accorde-t-Il la faveur de l'ilhâm (révélation) ?
R : La révélation est le fruit de la pure grâce divine ; et elle ne constitue pas la preuve d'une quelconque élévation. L'élévation est en fonction de la véridicité, la sincérité et la fidélité du récipiendaire, et cela n'est connu que de Dieu. Cette parole a la qualité de clarté et de pureté absolues, et elle n'est accordée à personne si ce n'est ceux qui font des progrès continus dans la foi, le dévouement et les actions vertueuses.

Q12 : Que faut-il entendre par la vision de Dieu dans ce monde ?
R : La vision de Dieu dans ce monde consiste en un entretien vivant et puissant entre le Très-Haut et Son serviteur élu. Cet échange, pur et exempt de mensonge, empli de sagesse et de grandeur, apporte joie et réconfort, et manifeste la présence de Dieu à Son serviteur.

Q13 : Que veut dire être l'héritier des véridiques (ṣiddîqîn) ?
R : Un serviteur juste et vertueux qui peut avoir un dialogue direct avec Dieu, recevant à plusieurs reprises (au moins dix fois) des réponses à ses prières et questions dans un état d'éveil. Si, durant cet échange, Dieu exauce ses requêtes, lui accorde des connaissances extraordinaires, lui révèle l'avenir et l'honore par une parole claire et majestueuse, ce serviteur doit être profondément reconnaissant envers le Tout-Puissant.

Q14 : Quelle est la plus grande source de connaissance parfaite ?
R : La source de la connaissance parfaite est la révélation divine, celle qui descend sur les Saints Prophètes de Dieu.

Q15 : Quelle est la différence entre la connaissance bénie et la connaissance théorique ?
R : Le savoir qui a été soumis à l'épreuve est bénéfique, et que le savoir qui n'est que purement académique et qui n'a pas été soumis à l'expérience ne mène à rien.

Q16 : En combien de parties la vie du Saint Prophète صلی اللّٰہ علیہ وسلم est-elle divisée par Allah le tout Puissant ?
R : Il l'a divisé en deux parties.

Q17 : En combien de parties la vie du Saint Prophète صلی اللّٰہ علیہ وسلم est-elle divisée?
R : C'était la période de La Mecque, une époque de souffrances, d'épreuves, de persécutions, de patience, d'endurance, de constance et de confiance en Dieu. Cela a été fait ainsi pour que durant la phase de difficultés, les hautes qualités morales s'y rapportant soient mises en jeu.

Q18 : Quelle fut la deuxième partie de la vie du Saint Prophète صلی اللّٰہ علیہ وسلم?
R : C'était la période de Médine, un temps de victoire, de pouvoir et de prospérité, marqué par le courage, la générosité, le pardon, la délivrance des opprimés et le soutien aux nécessiteux. Cela a été fait, et de l'exercice du pouvoir, ses autres hautes qualités morales y pertinentes soient mises en jeu.

Q19 : Quel était l'objectif des guerres menées par le Saint Prophète صلی اللّٰہ علیہ وسلم?
R : Le but des batailles livrées par le Saint Prophète (sur lui la paix et les bénédictions d'Allah !), n'était certainement pas de faire couler vainement le sang. Les musulmans furent expulsés de leurs maisons ancestrales, et bon nombre d'hommes et de femmes innocents furent martyrisés, et malgré cela, les malfaiteurs n'étaient pas prêts d'arrêter leurs méfaits, et sans cesse, ils entravèrent le progrès de l'Islam. Dans ces conditions, la Loi Divine régissant la sécurité exigeait la défense des persécutés contre la destruction totale. Ainsi, ceux qui tirèrent l'épée furent combattus par l'épée. Donc, ces guerres visaient à combattre le mal et à extirper le mal qui sévissait au fond des meurtriers invétérés. Elles eurent lieu à un moment où les malfaiteurs étaient déterminés à détruire les justes. Dans ces conditions, si l'Islam n'avait pas eu recours à des mesures de défense, des milliers de femmes et d'enfants innocents auraient été massacrés, et l'Islam aurait été complètement rasé de la surface de la terre.

Q20 : Comment doit être la loi révélée ?
R : La loi révélée ne doit en aucune circonstance inculquer la notion de résistance à l'ennemi, et qu'elle doit toujours prescrire l'amour, la pitié, l'humilité et la douceur. Ils croient respecter grandement Dieu, Seigneur de l'Honneur et de la Gloire, lorsqu'ils Lui attribue seulement des qualités de bonté et de tendresse. Mais ceux qui ont l'habitude de la réflexion et de la méditation, se rendent rapidement compte que nos opposants se fourvoient complètement. À contempler la loi de la nature, il nous apparaît clairement qu'elle est faite de miséricorde.

شکر کا ذکر قرآنِ کریم میں:

۱-لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ۔ (سورۃ ابراہیم آیت ۸)

ترجمہ: اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں ضرور تمہیں بڑھاؤں گا۔

۲- فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ۔(سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۳)

ترجمہ: پس میرا ذکر کیا کرو میں بھی تمہیں یاد رکھوں گا۔ اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔

۳- بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ۔(سورۃ الزمر آیت ۶۷)

ترجمہ: بلکہ اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں سے ہو جا۔

۴- وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔

(سورۃ لقمن آیت ۱۳)

ترجمہ: اور یقیناً ہم نے لقمان کو حکمت عطا کی تھی (یہ کہتے ہوئے) کہ اللہ کا شکر ادا کر اور جو بھی شکر ادا کرے تو وہ محض اپنے نفس کی بھلائی کے لئے ہی شکر ادا کرتا ہے اور جو ناشکری کرے تو یقیناً اللہ غنی ہے (اور) بہت صاحبِ تعریف ہے۔

۵-فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ۔(سورۃ النمل آیت ۲۰)

ترجمہ: وہ (یعنی سلیمان) اس کی اس بات پر مسکرایا اور کہا اے میرے ربّ! مجھے توفیق بخش کہ میں تیری نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر کی اور میرے ماں باپ پر کی اور ایسے نیک اعمال بجالاؤں جو تجھے پسند ہوں۔ اور تُو مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیکوکار بندوں میں داخل کر۔

۶- وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ۔ (سورۃ سبا آیت ۱۴)

ترجمہ: اور تھوڑے ہیں میرے بندوں میں سے جو (در حقیقت) شکر ادا کرنے والے ہیں۔

۷- وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔(سورۃ النحل آیت ۱۹)

ترجمہ: اور اگر تم اللہ کی نعمت کو شمار کرنا چاہو تو اسے احاطہ میں نہ لا سکو گے۔ یقیناً اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

QUELQUES VERSETS CORANIQUES SUR LA RECONNAISSANCE ENVERS ALLAH

۱-لَئِنۡ شَكَرۡتُمۡ لَاَزِيۡدَنَّكُمۡ ـ (سورۃ ابراہیم آیت ۸)

Si vous êtes reconnaissants, Je vous accorderai surement encore plus de grâces. *(Sourate Ibrahim ; verset 8)*

۲- فَاذۡكُرُوۡنِيۡۤ اَذۡكُرۡكُمۡ وَاشۡكُرُوۡا لِيۡ وَلَا تَكۡفُرُوۡنِ ـ(سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۳)

Donc souvenez-vous de Moi, et Je Me souviendrai de vous. Et témoignez-Moi de la reconnaissance et ne soyez pas ingrats envers Moi. *(Sourate Al Baqarah ; verset 153)*

۳- بَلِ اللّٰهَ فَاعۡبُدۡ وَكُنۡ مِّنَ الشّٰكِرِيۡنَ ـ(سورۃ الزمر آیت ۶۷)

Plutôt, adore Allah et sois du nombre des reconnaissants. *(Sourate Az-Zumar ; verset 67)*

۴- وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا لُقۡمٰنَ الۡحِكۡمَةَ اَنِ اشۡكُرۡ لِلّٰهِ ؕ وَمَنۡ يَّشۡكُرۡ فَاِنَّمَا يَشۡكُرُ لِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ حَمِيۡدٌ ـ

(سورۃ لقمٰن آیت ۱۳)

Et, en vérité, Nous donnâmes la sagesse à Luqman, et dimes : « Sois reconnaissant envers Allah, » et quiconque est reconnaissant, est seulement reconnaissant pour le bien de sa propre âme. Et quiconque est ingrat, alors, assurément Allah Se suffit à Lui-même, et est Digne de louange. *(Sourate Luqman ; verset 13)*

۵-فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنۡ قَوۡلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوۡزِعۡنِيۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِيۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَىَّ وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَ

Sur quoi il sourit, ses paroles le faisant rire, et dit : « Mon Seigneur, accorde-moi la capacité d'être reconnaissant envers Toi pour Ta grâce que Tu m'as accordée ainsi qu'à mes parents, et de faire de telles bonnes œuvres qui Te plaisent ; et par Ta miséricorde, admets-moi parmi Tes serviteurs justes. *(Sourate An-Naml ; verset 20)*

۶- وَقَلِيۡلٌ مِّنۡ عِبَادِىَ الشَّكُوۡرُ ـ(سورۃ سبا آیت ۱۴)

Mais peu de mes serviteurs sont reconnaissants. *(Sourate Saba ; verset 14)*

۷- وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ـ(سورۃ النحل آیت ۱۹)

En effet si vous essayez de compter les faveurs d'Allah, vous ne pourrez pas les dénombrer. Assurément, Allah est Très Pardonnant, Miséricordieux. *(Sourate An-Nahl ; verset 19)*

منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام

Les poèmes du Messie Promis (as)

ہے شکر ربّ عزوجل خارج از بیاں   جسکے کلام سے ہمیں اُسکا ملا نشاں

(منقول از براہین احمدیہ حصّہ پنجم صفحہ اول نصرۃ الحق مطبوعہ ۱۹۰۸ء)

Hai shoukré rabbé azz wajal khaarij-az bayaan
Jiské kalam sé humein ousse ka mila nishaan

Les expressions me manquent pour remercier mon Seigneur, Possesseur de gloire et de majesté. Qui montre Ses signes à travers Ses paroles.

(Ce poème se trouve dans le cinquième volume du livre intitulé ' Brahine-i-Ahmadiyya', écrit par le Messie Promis Ahmad (a.s) et publié en 1908)

کسطرح تیرا کروں اے ذوالمنن شکر وسپاس وہ زباں لاؤں کہاں سے جس سے ہو یہ کاروبار

(منقول از براہین احمدیہ حصّہ پنجم صفحہ ۹۷ مطبوعہ ۱۹۰۸ء)

Kiss tarah téra karoun eh zoulminan shoukro sé pass
Wo zouban laaoun kahan sé djisse sé hoyé kaarobaar

Comment puis-je Te remercier, O mon Bienfaiteur !

Pour exprimer ma gratitude, les mots me font défaut.

(Ce poème se trouve dans le cinquième volume du livre intitulé ' Brahine-i-Ahmadiyya', écrit par le Messie Promis Ahmad (a.s) et publié en 1908).

کیونکر ہو شکر تیرا تیرا ہے جو ہے میرا   تُو نے ہر اک کرم سے گھر بھر دیا ہے میرا

(مطبوعہ ۷، جون ۱۸۹۷ء)

Kyonkar ho shukr téraa, téraa hai jo hai méraa
Tou né har ik karam sé ghar bhar diyaa hai méraa

Comment puis-je Te remercier pour ce que je Te dois ? Tout ce qui est mien, est Tien ! Tu as rempli ma maison avec toutes tes bénédictions.

(Ce poème a été écrit par le Messie Promis, Hazrat Ahmad (a.s) en juin 1897 quand son fils Mirza Bashir-ud-din Mahmood Ahmad (r.a) avait terminé la lecture du Saint Coran pour la première fois).